سمٹ بینک لمیٹڈ کے حصص داران کے چودھویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ سمٹ بینک لمیٹڈ (''بینک'') کے شیئر ہولڈرز (''حصص داران'') کا چودھواں سالانہ اجلاس عام مورخہ 4 نومبر 2021 کو بوقت صبح 11:00 بجے سرینہ ہوٹل اسلام آباد میں درج ذیل امور کی تعمیل کی غرض سے منعقد ہوگا۔

عنوان (ایجنڈا)

عوامی اُمورکار:

1. 26 اکتوبر 2020 کے سالانہ اجلاس عام کی تفصیلات کی توثیق کرنا۔
2. مورخہ 31 دسمبر 2019 کو ختم ہونے والے مالی سال کیلئے بینک کے آڈٹڈ فنانشل اسٹیٹمنٹس کے ساتھ ڈائریکٹرز اینڈ آڈیٹرز رپورٹس کو حاصل، غور اور اختیار کرنا۔
3. مورخہ 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کیلئے اگلے سالانہ اجلاس عام کے اختتام پذیر ہونے تک بینک کے نئے ایکسٹرنل آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور اُن کا معاوضہ طے کرنا۔ (موجودہ آڈیٹر میسرز بیکر ٹلّی محمود ادریس قمر، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس بینک میں دوبارہ تقرری کیلئے خود کو پیش کرنے کے اہل ہیں)۔

خصوصی اُمورکار:

4. بینک کے مجاز شیئر کیپیٹل میں اضافے پر غور اور منظوری کے ہمراہ میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف بینک کی متعلقہ شقوں میں بمع ضروری تبدیلیاں، درج ذیل قراردادوں میں ترمیم بلاترمیم، بطور خاص قرارداد منظوری:

'قرار پایا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 85 کی تعمیل میں دیگر قابل اطلاق شقوں کے تحت، بینک کا مجاز سرمایہ میں -/28,000,000,000 روپے (صرف اٹھائیس بلین روپے) منقسمہ 2,800,000,000 بحساب مبلغ -/10 روپے (صرف دس روپے) فی حصص سے -/90,000,000,000 روپے (صرف نوے بلین روپے) منقسمہ 9,000,000,000 بحساب مبلغ -/10 روپے (صرف دس روپے) فی حصص بذریعہ ہٰذا اضافہ کیا جائے اور میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے گی اور حسب ذیل میں پڑھا جائے:

میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V:

بینک کا مجاز سرمایہ -/90,000,000,000 روپے (صرف نوے بلین روپے) منقسمہ 9,000,000,000 بحساب مبلغ -/10 روپے (صرف دس روپے) فی حصص وقتاً فوقتاً بینک کے سرمائے میں اضافہ، کمی یا تنظیم نو یا فی الوقت سرمائے کے حصص کو کئی طبقات میں تقسیم کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ مجاز سرمایہ ایک یا زائد اقسام کے حصص اور ہر طبقات کے حصص کی مختلف اقسام پر مشتمل ہوگا جیسا کہ کمپنیز شیئر کیپیٹل (حقوق اور استحقاق میں تغیرات) قوانین مجریہ 2000ء کے تحت وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ، بمع مذکورہ حقوق اور مراعات کے ممبران کی جانب سے وقتاً فوقتاً ایک خاص قرارداد کے ذریعے منظور کیا جاسکتا ہے۔

آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 6:

-/90,000,000,000 روپے (صرف نوے بلین روپے) منقسمہ 9,000,000,000 بحساب مبلغ -/10 روپے (صرف دس روپے) فی حصص سرمائے میں اضافہ یا کمی کرنے اور سرمایہ میں حصص کی تقسیم اور فی الوقت سرمائے کے حصص کو کئی طبقات میں تقسیم کرنے کا اختیار تفویض کیا جاتا ہے، تاہم عمومی حصص کے مختلف طبقات کے مابین حقوق (اگر کوئی ہوں) یعنی منافع منقسمہ، ووٹ اور دیگر فوائد سے حصص کی ادا شدہ قیمت لازمی طور پے متناسب ہونی چاہیے۔

5. غور کرنے کے لیے اور اگر مناسب لگے تو ترمیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر، درج ذیل قرارداد کی بطور خاص ریزولوشن:

'قرار پایا کہ مطلوبہ ریگولیٹری منظوری کی حصولی اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے سیکشن 82 کی تعمیل کو یقینی بنانے ساتھ پڑھیں کمپنیز (حصص کا مزید اجراء)، ضوابط 2020 (ریگولیشنز) کے تحت کمپنیوں پر لاگو ضروریات سے مشروط اور سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات بابتہ حصص کے اجراء پر رعایت (گائیڈ لائنز) سے مشروط، بینک 5,976,095,618 (پانچ بلین نوسو چھیتر ملین پچانوے ہزار چھ سو اٹھارہ) نئے عمومی حصص کے اجراء کا بینک میں تازہ ایکویٹی انجیکشن (ٹرانسزیکشن) کیلئے عزت مآب ناصر عبداللہ حسین لوتھا (حصول کنندہ) اور اقلیتی حصص یافتگان کو عدم استحقاق پیشکش کے ذریعے بحساب رعایتی قیمت مبلغ 2.51 روپے (صرف دو روپے اور اکیاون پیسے) فی حصص بذریعہ ہٰذا مجاز ہے۔'

'مزید قرار پایا کہ بینک کے صدر اور سی ای او اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو رعایت پر بینک کے نئے عمومی حصص کے اجراء کیلئے تمام ضروری، ضمنی اور اتفاقی اقدامات، بشمول تمام مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کی حصولی تاہم محدود نہیں؛ تمام مطلوبہ قانونی فارم اور دیگر تمام دستاویزات جو کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تحت کمپنیوں کے اندراج کیلئے مطلوب ہوں، ایسے تمام دستاویزات جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تحت درکار ہوں، کی جمع آوری، ایسے تمام سرٹیفکیٹس، درخواستوں، نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کسی بھی دیگر دستاویز یا دستاویز بشمول کسی بھی ترمیم یا متبادل کی تعمیل کا بذریعہ ہٰذا مشترکہ اور/ یا انفرادی طور پر اختیار تفویض کیا جاتا ہے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 82 کے تحت رعایت پر حصص کے اجراء کے حوالے سے متعلقہ قواعد وضوابط اور لین دین کے لئے مطلوبہ یا متعلقہ دیگر تمام معاملات کے تحت ضروری ہوں۔'

6. غور کرنے کے لیے اور اگر مناسب لگے تو ترمیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر، درج ذیل قرارداد کی بطور خاص ریزولوشن:

'قرار پایا کہ قابل اطلاق ریگولیٹری منظوریوں سے مشروط اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 83 کی دفعات کے مطابق، بینک (مجاز نمائندے کے ذریعے قائم مقام) کو بذریعہ ہٰذا اختیار تفویض کیا جاتا ہے کہ 59,760,956,180 (انسٹھ بلین سات سو ساٹھ ملین نو سو چھپن ہزار ایک سو اسی روپے) کی حد تک بینک کے مزید حصص سرمایہ کے اجراء یعنی 5,976,095,618 (پانچ بلین نوسو چھیتر ملین پچانوے ہزار چھ سو اٹھارہ) نئے عمومی حصص کا اجراء کے تحت حصول کنندہ اور بینک کے مابین حصص کی خریداری کا معاہدے (سبسکرپشن معاہدہ) کے مطابق حصول کنندہ اور اقلیتی حصص یافتگان کے حق میں رائٹ ایشو کے طریقہ کار کے علاوہ مبلغ 2.51 روپے (صرف دو روپے اور اکیاون پیسے) کی رعایتی قیمت پر جاری کرے اور بینک میں موجودہ ایکویٹی انجیکشن (ٹرانسزیکشن) کیلئے ایسے نئے حصص کی بینک کے موجودہ حصص کے ساتھ مساوی درجہ بندی کرے۔'

'مزید قرار پایا کہ بینک کے صدر اور سی ای او اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو بینک کے مزید حصص کے اجراء کیلئے تمام ضروری، ضمنی اور اتفاقی اقدامات، بشمول تمام مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کی حصولی تاہم محدود نہیں؛ تمام مطلوبہ قانونی فارم اور دیگر تمام دستاویزات جو کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے تحت کمپنیوں کے اندراج کیلئے مطلوب ہوں، ایسے تمام دستاویزات جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تحت درکار ہوں، کی جمع آوری، ایسے تمام سرٹیفکیٹس، درخواستوں، نوٹسز، رپورٹس، خطوط اور کسی بھی دیگر دستاویز یا دستاویز بشمول کسی بھی ترمیم یا متبادل کی تعمیل کا بذریعہ ہٰذا مشترکہ اور/ یا انفرادی طور پر اختیار تفویض کیا جاتا ہے جیسا کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے سیکشن 83 کے تحت حقوق کے علاوہ کسی اور طریقے سے حصص کے اجراء کے حوالے سے متعلقہ قواعد وضوابط اور لین دین کیلئے مطلوبہ یا متعلقہ دیگر تمام معاملات کے تحت ضروری ہوں۔'

دیگر اُمورکار یا کاروبار:

7. صدر نشین کی اجازت سے کوئی اور اُمورکار بجالانا۔

بحکم بورڈ

سید محمد طالب رضا
کمپنی سیکریٹری

بمقام: کراچی
بتاریخ: 14 اکتوبر 2021ء

توجہات (نوٹس):

1. بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 29 اکتوبر 2021 تا 4 نومبر 2021ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر 2، ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی کو کاروبار کے اختتام پر یعنی 28 اکتوبر 2021ء کو وصول ہونے والے ٹرانسفرز مذکورہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی غرض سے مستحق تصور کیے جائیں گے۔
2. ممبر جو اس اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شریک ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا نائب، مقرر کرسکتا ہے۔ کوئی کارپوریشن (یعنی ادارہ) جو ممبر ہے وہ کسی بھی اپنے اہلکار یا دیگر فرد کو چاہے وہ بینک کا ممبر ہو یا نہ ہو اپنا نائب مقرر کرسکتا ہے۔
3. نائب اور مختار نامہ یا دیگر اختیار (اگر ہے) کے کسی وثیقے جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہیں یا صاحبِ تصدیق فرد بنایا گیا ہے۔ ایسے مختار نامہ کی نقل لازماً جائز العمل ہونی چاہئے اور اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مناسب طور پر مہر لگی، دستخط شدہ اور گواہی شدہ بینک کے شیئر رجسٹرار، میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر 2، ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی میں جمع کروانی چاہئے۔
4. ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلیوں کے بارے میں فوری طور پر آگاہ کریں۔
5. ایس ای سی پی کے احکامات کے مطابق یہ تمام شیئر ہولڈرز کیلئے لازمی ہے کہ وہ بینک کے پاس اپنا جائز العمل سی این آئی سی نمبر درج کروائیں۔ ارکان جنہوں نے اب تک رجسٹرار کے پاس اپنے سی این آئی سی کی نقول جمع نہیں کروائی ہیں سے درخواست ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس اپنے جائز العمل سی این آئی سیز کی تصدیق شدہ نقول ایک بار پھر جمع کروادیں۔
6. شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس جمع ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاسِ عام کے وقت شناخت کی سہولت پہنچانے کی غرض سے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) مع پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر اور ان کے سب اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لے آئیں۔ پراکسی یعنی نائب کی صورت میں ہمارے شیئر رجسٹرار کے پاس پراکسی سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول، اکاؤنٹ اور پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر مع فارم آف پراکسی جمع کروانا لازمی ہوگا۔ کارپوریٹ ممبرز کیلئے پراکسی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزد کے نمونے کے دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا سوائے اس صورت کہ اسے شیئر رجسٹرار کو پہلے ہی فراہم کردیا گیا ہے۔
7. وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس شیئرز کاغذی صورت میں موجود ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ان کے ڈاک کے پتوں اور ای میل ایڈریس اگر ہیں ان میں تبدیلی کی فی الفور تحریری اطلاع ہمارے شیئر رجسٹرار کو کردیں جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ان کے سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کرلیں۔
8. مورخہ 22 جنوری 2016 کے ایس ای سی پی ایس آر او نمبر 2016(1)43 کی پیروی میں، ممبرز بینک کو انٹرمیڈیئری (ثالث) کی جانب سے منظور نائب تقرری پر تاریخ اجلاس سے کم سے کم 10 دن قبل اپنی تحریری رضامندی کے ذریعہ ای۔ ووٹنگ اپنے ووٹ دینے کے حق کو استعمال کرسکتے ہیں۔

اجلاس میں حاضری کیلئے:

- i. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرے گا۔
- ii. افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز اور/ یا وہ فرد جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرے گا۔

اجلاس میں حاضری کیلئے:

- i. اقرار کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ فرد جن کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ اپنا پراکسی فارم درج بالا شرط کے مطابق جمع کروائے گا۔
- ii. اس پراکسی فارم کی گواہی دو ایسے اشخاص کی جانب سے کی جائے گی جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز اس فارم پر درج ہوں گے۔
- iii. مستفید ہونے والے مالکان کی تصدیق شدہ سی این آئی سی نقل یا پاسپورٹ کی نقل اور نائب (پراکسی) کی نقول بھی پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔
- iv. پراکسی/ نائب اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرے گا۔
- v. کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/ مختار نامہ مع نمونے کے دستخط بینک کے پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا۔

9. پراکسی فارم (انگری اور اردو زبان میں) ممبرز کو علیحدہ علیحدہ سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع کے ساتھ بھیجے جارہے ہیں۔
10. مورخہ 21 مئی 2014ء کے ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 کے مطابقت میں، وہ ممبر جن کے پاس مجموعی طور پر بینک کے ادا شدہ سرمائے میں 10% یا اس سے زیادہ کے شیئرز ہیں اور وہ شہر میں رہتے ہیں، وہ اس اجلاس میں شرکت کی غرض سے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں۔

ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے حصول کیلئے شرط اور طریقۂ کار جیسا کہ اس سرکلر (مراسلے) میں بیان کیا گیا ہے کی تفصیل درج ذیل ہے:

ممبر درج ذیل فارمیٹ کے مطابق اپنی رضامندی فراہم کریں گے اور اجلاسِ عام کے انعقاد سے 10 روز قبل بینک کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں گے:

ویڈیو کانفرنس سہولت کیلئے رضامندی فارم:

میں/ ہم.................. رہائشی.................. سمٹ بینک لمیٹڈ کے ممبر ہیں، ہمارے پاس.................. آرڈنری شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر.................. ہیں، بذریعہ ہٰذا.................. (جغرافیائی مقام) ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

11. کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72 کے مطابق، موجودہ لسٹڈ کمپنی کو درکار ہوگا کہ وہ اپنے طبعی شیئرز اس ایکٹ کے آغاز یعنی 30 مئی 2017ء سے چار برسوں کے اندر اندر یا کمیشن کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ سے قبل اور جیسے بھی ممکنہ طور پر مخصوص کی گئی ہو بک انٹری فارم کے طور پر تبدیل کرے۔

شیئر ہولڈرز جن کے پاس طبعی شیئرز موجود ہیں انہیں سی ڈی سی کے ساتھ براہِ راست انویسٹ اکاؤنٹ یا کسی بروکر کے ساتھ سی ڈی سی سب اکاؤنٹ کھولنے کیلئے حوصلہ افزائی کی جائے گی تا کہ وہ طبعی (فزیکل) شیئرز کو اسکرپ لیس فارم (غیر کاغذی شکل) میں رکھیں، یہ انہیں کئی طریقوں سے سہولتیں پہنچائے گا جس میں محفوظ قبضہ اور شیئرز کی فروخت بھی شامل ہیں وہ جس وقت بھی چاہیں، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ قواعد کے مطابق طبعی شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

12. شیئر ہولڈرز جو منافع منقسمہ/ طبعی شیئرز حاصل نہیں کرسکے انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ ان کے انکلیمڈ منافع منقسمہ یا شیئرز، اگر ہیں تو ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کرلیں تا کہ وہ حاصل کرلیں/ اس کے متعلق پوچھ لیں کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق 244 کی مطابقت میں، بیان کردہ طریقۂ کار کے مکمل ہوجانے کے بعد، ایسے تمام منافع منقسمہ اور شیئرز جو کہ تین (3) برسوں یا اس سے زیادہ عرصے سے اس کی مقررہ تاریخ سے بقایہ اور واجب الادا ہیں، غیر دعویدار منافع منقسمہ کی صورت میں وفاقی حکومت کے خزانے میں جمع کروادیے جائیں گے اور شیئرز کی صورت میں ایس ای سی پی کے حوالے کردیے جائیں گے۔
13. سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع اور بینک کے تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/ سہ ماہی مالی گوشواروں کی نقل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں محفوظ کئے جارہے ہیں جو کسی بھی کام والے دن دفتری اوقات کار میں اس اطلاع کی تاریخ اشاعت سے ممبرز اور اجلاس میں شرکت کے اہل دیگر افراد کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک حاصل کئے جاسکتے ہیں اور/ یا معائنہ کئے جاسکتے ہیں۔ چودھویں سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع اور تازہ ترین سالانہ آڈٹ شدہ/ سہ ماہی مالی گوشواروں کو مزید بینک کی ویب سائٹ www.summitbank.com.pk پر بھی مہیا کیا جارہا ہے۔
14. سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے مورخہ 31 مئی 2016ء کے 2016/(1)SRO470 نے اداروں کو اجازت دی ہے کہ وہ اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کے رجسٹرڈ پتوں پر بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی یا کسی بھی الیکٹرانک ذریعے سے سرکولیٹ یعنی ارسال کریں گے۔

تاہم، شیئر ہولڈرز جو مالی گوشواروں کی ٹھوس نقل حاصل کرنا چاہتے ہوں اُنہیں بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ''اسٹینڈرڈ ریکویسٹ فارم'' پُر کرنا ہوگا اور اُسے دیئے گئے پتوں پر ہمیں بھیجنا ہوگا۔

خصوصی امورکار سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کی شق (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان:

ایجنڈا کے آئٹم نمبر 4 کیلئے:

بینک کے مجاز سرمائے میں اضافہ ضروری ہے تا کہ ادا شدہ سرمائے میں اضافے کو برداشت کیا جاسکے اور نئے عمومی حصص کے لئے مناسب ڈھال دستیاب ہو جو کہ بینک میں تازہ ایکویٹی انجیکشن (ٹرانسیکشن) کیلئے حصول کنندہ اور بینک کے مابین حصص کی خریداری کا معاہدے (سبسکرپشن معاہدہ) کے تحت قابل حکام اور بینک کے حصص یافتگان کی منظوری سے مشروط حصص کے اجراء کے علاوہ استحقاق طریقہ کار کے تحت اور رعایت پر ناصر عبداللہ حسین لوتھا (حصول کنندہ) اور اقلیتی حصص یافتگان کو دی جاسکے۔

بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 08 اکتوبر 2021 کو اپنے اجلاس میں مجاز سرمائے کو 28 ارب روپے سے بڑھا کر 90 ارب روپے کرنے کی سفارش کی ہے جو کہ ریگولیٹری اتھارٹیز اور بینک کے حصص یافتگان کی عام اجلاس میں منظوری سے مشروط ہے۔ بینک کے مجاز سرمائے میں مجوزہ اضافہ میمورنڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف بینک کے متعلقہ سرمائے کی شقوں میں تبدیلی کے بعد کیا جائے گا جس کے مطابق اس میں ترمیم کی جائے گی۔

ایجنڈا کے آئٹم نمبر 5 کیلئے:

بینک کو اپنے ادا شدہ سرمائے میں اضافے میں سہولت فراہم کرنے کیلئے محترم ناصر عبداللہ حسین لوتھا نے بطور حصول کنندہ بینک میں نئے ایکوئٹی انجیکشن کیلئے اپنی پیشکش کو حقوق کے علاوہ دیگر عام طریقوں سے خریداری اور رعایت بشمول کم از کم 51 فیصد ووٹنگ حصص کے حصول اور بینک کے مفاد کو کنٹرول کرنے کیلئے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017، سکیورٹیز ایکٹ مجریہ 2015، پی ایس ایکس قانون کی کتاب اور لسٹڈ کمپنیز (سبسٹینشل ایکوزیشن آف ووٹنگ شیئرز اور ٹیک اوورز) ریگولیشنز 2017ء کے تحت پیشکش کی ہے۔

رعایت پر حصص جاری کرنے کا جواز حسب ذیل ہے:

(ا) حصول کنندہ کی طرف سے مجوزہ لین دین کی اسٹریٹیجک قیمت بینک کی مالی استحکام کا حصول۔
(ب) ایسی سرمایہ کاری سے بینکنگ سیکٹر/ مارکیٹ کو مثبت اشارہ دینا۔
(ج) سبسٹینشل ایکوئٹی لگانا جس کا مقصد بینک کی ترقی کے منصوبوں کو حاصل کرنے میں مدد کی فراہمی۔

بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 08 اکتوبر 2021 کو ہونے والے اپنے اجلاس میں ریگولیٹری حکام اور بینک کے حصص یافتگان کی منظوری سے مشروط اپنے عام اجلاس میں رعایت پر حصص جاری کرنے کی سفارش کی ہے۔

ایجنڈا کے آئٹم نمبر 6 کیلئے:

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے استحقاق کے علاوہ اور رعایتی قیمت پر حصص کے اجراء کے ذریعے بینک میں تازہ ایکویٹی انجیکشن (ٹرانسیکشن) کیلئے حصول کنندہ اور بینک کے مابین حصص کی خریداری کے معاہدے (سبسکرپشن معاہدہ) کے مطابق پیشکش اور نئے عمومی حصص کی خریداری کی منظوری دی۔

حقوق کے علاوہ دیگر طریقوں سے حصص جاری کرنے کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

(ا) حصص کے اجراء کی مقدار 5,976,095,618 (پانچ بلین نوسو چھیتر چھ ملین پچانوے ہزار چھ سو اٹھارہ) کی حد تک نئے عمومی حصص جو کہ استحقاق کے علاوہ دیگر ہیں۔
(ب) نئے حصص رعایتی قیمت 2.51 روپے (دو روپے اور اکیاون پیسے) فی حصص پر جاری کیے جائیں گے۔
(ج) نئے حصص کا اجراء بذریعہ نقد ہوگا۔
(د) حصول کنندہ اور اقلیتی حصص یافتگان کو نئے عمومی حصص جاری کیے جائیں گے۔

ڈائریکٹرز کی دلچسپی:

بینک کے ڈائریکٹرز خصوصی قراردادوں کے حوالے سے کسی قسم کی بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں رکھتے سوائے اس کے کہ بینک میں اُن کے شیئر ہولڈنگ کا احاطہ ہو۔

دستاویز کی جانچ:

بینک کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور آخری سالانہ اجلاس عام کی تفصیلات کی نقول کا معائنہ/ مفت حصول اس اطلاع کے ہمراہ تاریخِ اشاعت سے بینک کے سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک بینک کے رجسٹرڈ آفس/ ہیڈ آفس سے کسی بھی کام والے دن دفتری اوقاتِ کار کے دوران ممکن ہے۔

Summit Bank
Committed to you

www.summitbank.com.pk, 021-1111-24365